مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے دادا کا بتایا ہوا وظیفہ

مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے دادا استاذ وہ فرمایا کرتے تھے کہ حفاظت کا ایک عمل ایسا ہے کہ کچھ خاص لوگوں کو ہی بتایا کرتا ہوں، لیکن اب چوں کہ عمر کا آخری حصہ ہے اس لئے دل چاہتا ہے کہ ہر مسلمان تک یہ پہنچ جائے اس کی تائید حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی صاحب رحیمہ اللہ نے بھی کی تھی اور یہ عمل کیا کرتے تھے وہ عمل نیچے لکھا جا رہا ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (تین مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (تین مرتبہ)

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (تین مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰه پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

بِسْمِ اللّٰه پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ فلق یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰه پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ ناس یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (تین مرتبہ)

وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا (تین مرتبہ) آخر میں کوئی بھی درود شریف تین مرتبہ

اس کے بعد پورے جسم پر دم کر لیں۔ اپنے اہل و عیال اور بچوں کا بھی حصار کر لیں یعنی انگلی سے احاطہ کر لیں۔ فجر کی نماز کے بعد، اور مغرب کی نماز کے بعد انشاء اللہ بے شمار فوائد و برکات کھلی آنکھوں سے نظر آئیں گی، اور شیطانی قوتوں اور بد اثرات سے حفاظت ہوگی، ان اذکار کا خوب اہتمام کرتے رہے۔